# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

# پریس ریلیز

مورخہ 08 دسمبر، 2017

الیکشن کمیشن نے میڈیا چینلز پر گزشتہ روز انتخابی فہرستوں میں 30 لاکھ سے زائد فوت شدہ ووٹران کی موجودگی کی خبر پر رد عمل ظاہر کرتے ہوئے اس کی اسطرح وضاحت کی ہے کہ یہ خاندان کے افراد کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ گھر کے کسی فوت شدہ شخص کی فوتگی کی رپورٹ متعلقہ یونین کونسل یا میونسپل کمیٹی میں درج کروائیں اور متوفی کا ووٹ انتخابی فہرست سے حذف کروائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ متعلقہ اہلکار یونین کونسل اور میونسپل کمیٹی کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ہر پیدائش اور موت کا اندراج نادرا رجسٹریشن سنٹر میں کروائے اور تمام فوت شدہ ووٹروں کے کوائف ضلعی الیکشن کمشنر کو بھی مہیا کرے۔ الیکشن کمیشن نے اپنے کام میں کبھی کوتاہی نہیں برتی۔ اگر الیکشن کمیشن کو خاندان کا کوئی فرد کسی ووٹر کی فوتگی کی اطلاع دیتا ہے یا یونین کونسل یا نادرا کی طرف سے یہ رپورٹ موصول ہوتی ہے تو فوری طور پر فوت شدہ ووٹر کا نام انتخابی فہرست سے حذف کیا جاتا ہے اور اب تک 29 لاکھ فوت شدہ ووٹران انتخابی فہرستوں سے حذف ہو چکے ہیں۔ الیکشن کمیشن اس سال بھی انتخابی فہرستوں پر نظر ثانی کا کام شروع کر رہا ہے۔ لہٰذا الیکشن کمیشن میڈیا کے توسط سے عوام سے یہ اپیل کرتا ہے کہ انتخابی فہرستوں میں درج ووٹران میں سے اگر کوئی فوت ہو گیا ہے تو اسکی فوری اطلاع متعلقہ ضلعی الیکشن کمشنر کو مہیا کریں تاکہ ان کا نام انتخابی فہرستوں سے حذف کیا جائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆